International Knitwear Limited

# NOTICE OF ANNUAL GENERAL MEETING

Notice is hereby given that the 27th Annual General Meeting of the shareholders of **International Knitwear Limited** will be held at 04:30 P. M. on Saturday , October 28, 2017 at registered office situated at F-2A/L, S.I.T.E , Karachi to transact the following business:

**ORDINARY BUSINESS:-**

1. To confirm the minutes of the last Annual General Meeting held on Saturday October 29, 2016.
2. To receive, consider and adopt the audited financial statements for the year ended June 30, 2017 together with Directors' and Auditors' Report thereon.
3. To appoint Auditors of the Company for the year ending June 30, 2018 and fix their remuneration. The present auditors, M/s RSM Avais Hyder Liaquat Nauman Chartered Accountants being eligible, have offered themselves for reappointment.
4. To transact any other business with the permission of the chair.

**By Order of the Board**

Karachi: October 07, 2017

**Javed Khan**
Company Secretary

**Notes:**

1. **Closure of share transfer books:**
   The share Transfer Books of the Company will remain closed and no transfer of shares will be accepted for registration from October 21, 2017 to October 28, 2017 (both days inclusive). Transfers received in order at the office of our Shares Registrar M/s Central Depository Company of Pakistan Limited CDC House, 99-B , Block "B" S.M.C.H.S Main Shahra-e-Faisal , Karachi -74400 by the close of the business on 21 October 2017 will be in time for the purpose of payment of final dividend to the transferees.
2. **Participation in the annual general meeting:**
   A member entitled to attend and vote at the Annual General Meeting is entitled to cast his/ her vote by proxy. Proxies must be deposited at the Company's Registered office F-2A/L, S.I.T.E , Karachi no later than 48 hours before the time for holding the meeting.
3. **Change of Address:**
   Any change of address of Members should be immediately notified to the company's share registrars, Central Depository Company of Pakistan Limited CDC House , 99-B , Block "B" S.M.C.H.S Main Shahra-e-Faisal, Karachi -74400.
4. **CDC Account Holders will further have to follow the under-mentioned guidelines as laid down by the Securities and Exchange Commission of Pakistan:**

   A) **For attending the meeting:**

   i. In case of individuals, the account holder or sub-account holder and /or the person whose securities are in group account and their registration details are uploaded as per the Regulations, shall authenticate his identity by showing his original Computerized National Identity Card( CNIC) or original passport at the time of attending the meeting.

   ii. In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution / power of attorney with specimen signature of the nominee shall be produced at the time of meeting.

   B) **For appointing proxies:**

   i. In case of individuals, the account holder or sub-account holder and / or person whose securities are in group account and their registration details are uploaded as per the Regulations, shall submit the proxy form accordingly.

   ii. The proxy form shall be witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC numbers shall be mentioned on the form.

   iii. Attested copies of CNIC or the passport.

   iv. The proxy shall produce his / her original CNIC or original passport at the time of meeting.

   v. In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution/ power of attorney with specimen signature shall be submitted along with proxy form to the Company.
5. **Revision of withholding tax on Dividend Income**

   (i) Pursuant to the provisions of the Finance act 2017 effective July 01, 2017, the rates of deduction of income tax from dividend payments under the Income Tax Ordinance, 2001 have been revised as follows:

   For filer of income tax returns 15%
   For non-filer of income tax returns 20%

   To enable the Company to make tax deduction on the amount of cash dividend @ 15% instead of 20%, shareholders whose names are not entered into the Active Taxpayers List (ATL) provided on the website of FBR, despite the fact that they are filers, are advised to make sure that their names are entered in ATL before the first day of book closure, otherwise tax on their cash dividend will be deducted @ 20% instead of 15%.

   (ii) Withholding tax exemption from the dividend income shall only be allowed if copy of valid tax exemption certificate or stay order from a competent court of law is made available to Central Depository Company of Pakistan Limited, by the first day of book closure.

   (iii) Further, according to clarification received from Federal Board of Revenue (FBR), withholding tax will be determined separately on 'Filer / Non-filer' status of principal shareholder as well as joint holder(s) based on their shareholding proportions, in case of joint accounts.

   In this regard all shareholders who hold shares jointly are requested to provide shareholding proportions of principal shareholder and joint-holder(s) in respect of shares held by them (only if not already provided) to our shares registrar, in writing as follows:

| Company Name | Folio/CDS Account # | Total Shares | Principal Shareholder | | Joint Shareholder | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | Name and CNIC # | Shareholding Proportion (No of Shares) | Name and CNIC # | Shareholding Proportion (No of Shares) |
| | | | | | | |

   The required information must reach our shares Registrar within 10 days of this notice , otherwise it will be assumed that the shares are equally held by principal shareholder and Joint holder(s).
6. **Payment of cash dividend electronically ( e-dividend)**
   In accordance with the SECP's Circular No. 18 of 2012 dated June 2012, the shareholders have been given an opportunity to authorize the Company to make payment of cash dividend through direct credit to shareholder's bank account. To opt for the dividend mandate option as stated, the Dividend Mandate Form is available at Company's website i.e. www.internationalknitwear.com needs to be duly filled and submitted to the Company on its registered address.
7. **Submission of Computerized National Identity Card (CNIC) Mandatory.**
   Members are requested to provide attested photocopies of their CNIC to the Company on its registered address in order to meet the mandatory requirements of SRO 831(1) 2012 of 5th July 2012 which provides that the dividend warrant should bear the Computerized National Identity Card (CNIC) number of the registered member.
8. **Circulation of Annual Audited Financial Statements to shareholders through email**
   The directive of SECP contained in SRO 787(1) dated September 8, 2014 whereby Securities and Exchange Commission of Pakistan ( SECP) has allowed companies to circulate annual balance sheet, profit and loss account, auditor's report and directors' report etc. (Audited Financial Statements) along with notice of annual general meeting (Notice) to its members through e-mail. Members are requested to provide their email addresses on registered address of the Company.

   CDC account holders are requested to submit attested to provide their email addresses to the relevant member stock exchange and CDC if maintaining CDC investor account.
9. **The annual report of the Company has been uploaded at the Company Website www.internationalknitwear.com**
10. Members who desire that Zakat should not be deducted from dividend are requested to submit a declaration on non judicial stamp paper duly signed as required under the law.
11. **Consent for Video Link Facility**
    Members can also avail video conference facility, in this regard, please fill the following and submit to registered address of the Company 10 days before holding of the Annual General Meeting. If the Company receives consent from members holding in aggregate 10% or more shareholding residing at a geographical location, to participate in the meeting through video conference at least 10 days prior to date of meeting, the Company will arrange Video conference facility in the city subject to availability of such facility in that city.

    "I/we, ________________ of ______________, being a member of International Knitwear Limited, holder of _______________ ordinary share(s) as per Registered Folio / CDC Account No.________________ hereby opt for video conference facility at_________________."
12. Form of Proxy is enclosed.

# انٹرنیشنل نٹ ویئر لمیٹڈ

## سالانہ اجلاس عام

مطلع کیا جاتا ہے کہ انٹرنیشنل نٹ ویئر لمیٹڈ کے حصص یافتگان کا ستائیسواں سالانہ اجلاس عام ہفتہ 28 اکتوبر 2017ء کو شام ساڑھے چار بجے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع ایف-2اے/ایل سائیٹ۔ کراچی میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائیگا۔

### عمومی امور

1- گزشتہ سالانہ اجلاس عام منعقدہ ہفتہ 29 اکتوبر 2016ء کی کارروائی کی توثیق۔

2- 30 جون 2017ء کو مکمل ہونے والے سال کیلئے آڈٹ شدہ مالی گوشواروں معہ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غور وخوض اور منظوری۔

3- 30 جون 2018ء کو مکمل ہونے والے سال کیلئے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے مشاہیرہ کا تعین۔ موجودہ آڈیٹرز میسرز آر ایس ایم اویس حیدر لیاقت نعمان۔ چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس نے اہلیت کی بنیاد پر دوبارہ تقرری کیلئے اپنی خدمات پیش کی ہیں۔

4- چیئرمین کی اجازت سے دیگر امور کی انجام دہی۔

**کراچی۔ 7 اکتوبر 2017ء**

**بحکم بورڈ**
**جاوید خان**
**کمپنی سیکریٹری**

**نوٹ:**

1- **شیئر ٹرانسفر بکس کی بندش**

کمپنی کی منتقلی حصص کی کتب 21 اکتوبر 2017 تا 28 اکتوبر 2017 (دونوں دن شامل) بند رہینگی اور کوئی منتقلی رجسٹریشن کیلئے قبول نہیں کی جائیگی۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس۔ 99-بی۔ بلاک 'بی' ایس ایم سی ایچ ایس مین شاہراہ فیصل کراچی 74400 میں 21 اکتوبر 2017ء کو اختتام کار تک موصول ہونے والی منتقلیاں حتمی منافع منقسمہ کی ادائیگی کیلئے بروقت سمجھی جائیں گی۔

2- **سالانہ اجلاس عام میں شرکت**

سالانہ اجلاس عام میں شرکت اور رائے دہی کا اہل ممبر اپنا ووٹ بذریعہ پروکسی دینے کا اہل ہے۔ پروکسی کی تقرری کی دستاویزات اجلاس کے انعقاد سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع ایف 2اے/ایل۔ سائٹ کراچی میں مل جانی چاہئیں۔

3- **پتہ میں تبدیلی**

پتہ میں کسی قسم کی تبدیلی سے فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ۔ سی ڈی سی ہاؤس۔ 99-بی۔ بلاک 'بی' ایس ایم سی ایچ ایس۔ مین شاہراہ فیصل کراچی۔ 74400 کو مطلع کرنا ہوگا۔

4- **سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو مزید براں سیکیوریٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان کی مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔**

**الف - برائے اجلاس میں شرکت**

(i) انفرادی اکاؤنٹ ہولڈر یا سب/اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا اس فرد کو جس کی سیکیوریٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہو اور ان کی رجسٹریشن تفصیلات قوائد کے مطابق اپ لوڈ ہوں، اس کو اجلاس میں شرکت کے موقع پر اپنی شناخت کے موقع پر اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

(ii) کارپوریٹ اینٹٹی کی صورت میں اجلاس کے موقع پر بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی معہ نامزد فرد کے دستخط کا نمونہ پیش کرنا ہوگا۔

**ب- برائے پروکسی کی تقرری:**

(i) انفرادی اکاؤنٹ ہولڈر یا سب/اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا جس فرد کی سیکیوریٹیز گروپ اکاؤنٹ اور میں ہو اور ان کی رجسٹریشن تفصیلات قوائد کے مطابق اپ لوڈ ہوں، اس کو پروکسی فارم حسب بالا جمع کرانا ہوگا۔

(ii) پروکسی فارم پر دو افراد کی گواہی ہونی چاہئے جن کے نام، پتے اور سی این آئی سی نمبر فارم میں درج ہوں۔

(iii) سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں پروکسی فارم کے ہمراہ منسلک ہونی چاہئے۔

(iv) پروکسی کو اجلاس کے موقع پر اصل سی این آئی سی یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

(v) کارپوریٹ اینٹٹی کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی معہ نامزد شخص کے دستخط کا نمونہ پروکسی فارم کے ہمراہ پیش کرنا ہوگا۔

5- **ڈیویڈنڈ کی رقم پر ودہولڈنگ ٹیکس کی شرح پر نظرثانی**

(i) فنانس ایکٹ مجریہ 2017ء نافذ العمل از یکم جولائی 2017ء کے تحت ڈیویڈنڈ کی ادائیگیوں پر انکم ٹیکس کی شرح پر انکم ٹیکس آرڈیننس مجریہ 2001ء کے تحت حسب ذیل نظرثانی کی گئی ہے:

برائے انکم ٹیکس ریٹرن فائیلرز..........15 فیصد

برائے انکم ٹیکس ریٹرن کے نان فائیرز..........20 فیصد

فائیلرز ہونے کے باوجود ایف بی آر کی ویب سائٹ پر فراہم کردہ ایکٹیو ٹیکس پیئرز لسٹ (اے ٹی ایل) میں نام درج نہ ہونے کی صورت میں شیئر ہولڈرز کو اے ٹی ایل میں کتب کی بندش کے پہلے دن سے قبل نام کے اندراج کو یقینی بنانے کی ہدایت کی جاتی ہے تا کہ کمپنی 20 فیصد کی بجائے 15 فیصد کی شرح سے ودہولڈنگ ٹیکس منہا کر سکے۔ بصورت دیگران کے نقد منافع منقسمہ پر 15 فیصد کی بجائے 20 فیصد ٹیکس منہا کر لیا جائیگا۔

(ii) منافع منقسمہ پر ودہولڈنگ ٹیکس سے استثنٰی صرف اس صورت میں دیا جائیگا جبکہ تازہ ٹیکس ایکزیمپشن سرٹیفکیٹ یا کسی عدالت سے اسٹے آرڈر سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ کو کتاب کی بندش کے پہلے روز تک فراہم کیا گیا ہو۔

(iii) مزید براں فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) سے موصول شدہ وضاحت کے مطابق پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈر کے شیئر ہولڈنگ کے تناسب سے فائیلر/نان فائیلر کے اعتبار سے علیحدہ علیحدہ شرح طے کی جائیگی۔ اس ضمن میں جوائنٹ شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈرز کے شیئرز کے تناسب (اگر پہلے نہیں فراہم کیا) سے حسب ذیل تحریری طور پر شیئر رجسٹرار کو مطلع کریں۔

| کمپنی کا نام | فولیو/سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر | کل شیئرز | پرنسپل شیئر ہولڈرز | | جوائنٹ شیئر ہولڈر | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | نام اور سی این آئی سی نمبر | شیئرز کا تناسب (شیئرز کی تعداد) | نام اور سی این آئی سی نمبر | حصص کا تناسب (شیئرز کی تعداد) |
| | | | | | | |

مطلوبہ معلومات نوٹس ہذا کے بعد دس روز کے اندر ہمارے شیئر رجسٹرار کو مل جانی چاہئیں ورنہ پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈرز کے مساوی شیئرز سمجھے جائیں گے۔

6- **نقد منافع منقسمہ کی الیکٹرونکلی ادائیگی۔ (ای۔ ڈیویڈنڈ)**

ایس ای سی پی کے سرکلر نمبر 18 مجریہ 2012ء مورخہ 22 جون 2012ء کے مطابق شیئر ہولڈرز کو موقع فراہم کیا گیا ہے کہ وہ کمپنی منافع منقسمہ کی براہ راست ممبران کے بنک اکاؤنٹ میں ادائیگی کا اختیار دیدیں۔ اس سہولت کے انتخاب کیلئے ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم کمپنی کی ویب سائٹ: www.internationalknitwear.com پر دستیاب ہے جو مکمل طور پر پُر کرکے کمپنی کے رجسٹرڈ پتہ پر ارسال کر دیا جائے۔

7- **کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) کی فراہمی لازمی**

ممبران سے درخواست ہے کہ ایس آر او 831(1)2012 مورخہ 5 جولائی 2012 مورخہ 5 جولائی 2012ء کے تحت ڈیویڈنڈ وارنٹس پر رجسٹرڈ ممبر کے قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) نمبر کے اندراج کے لازمی قرار دیئے جانے پر اپنے سی این آئی سی کی تصدیق شدہ کاپیاں کمپنی کے رجسٹرڈ پتہ پر ارسال کر دیں۔

8- **سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کی شیئر ہولڈرز کو بذریعہ ای۔ میل ترسیل**

ایس ای سی پی کے ایس آر او 787(1) مورخہ 8 ستمبر 2014ء کی ہدایات کے مطابق سیکیوریٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے کمپنیوں کو سالانہ بیلنس شیٹ، نفع نقصان اکاؤنٹ آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹس وغیرہ (آڈٹ شدہ مالی گوشوارے) سالانہ اجلاس عام کے نوٹس کے ہمراہ بذریعہ ای۔ میل ممبران کو ارسال کرنے کی اجازت دیدی ہے لہٰذا ممبران سے گزارش ہے کہ اپنے ای۔ میل ایڈریسز کمپنی کے رجسٹرڈ پتہ پر داخل کرادیں۔

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز سے درخواست ہے کہ اپنے ای۔ میل ایڈریسز متعلقہ ممبر اسٹاک ایکسچینج اور سی ڈی سی کی صورت میں سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ کو مطلع کریں۔

9- **کمپنی کی سالانہ رپورٹ کمپنی کی ویب سائٹ** www.internationknitwear.com **پر جاری کردی ہے۔**

10- **ڈیویڈنڈ پر زکواۃ منہا نہ کرانے کے خواہشمند ممبران سے درخواست ہے کہ قانون کے مطابق مطلوبہ غیر جوڈیشل اسٹیمپ پیپر پر ڈیکلریشن پیش کریں۔**

11- **وڈیو لنک سہولت کی فراہمی**

ممبران وڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کر سکتے ہیں۔ اس ضمن میں حسب ذیل فارم پُر کرکے سالانہ اجلاس عام کے انعقاد سے دس روز قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں جمع کرادیں۔ کسی جغرافیائی مقام پر مقیم دس فیصد یا زائد حصص یافتگان کی جانب سے اجلاس میں بذریعہ وڈیو کانفرنس میں شرکت کا عندیہ موصول ہونے کی صورت میں متعلقہ شہر میں وڈیو کانفرنس کی سہولت کی دستیابی پر کمپنی وڈیو کانفرنس کا اہتمام کرے گی۔

میں/ہم ________ از ________ بطور انٹرنیشنل نٹ ویئر لمیٹڈ حامل ________ عام حصص۔ رجسٹرڈ فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر ________ وڈیو کانفرنس کی سہولت کا ________ پر طلبگار رہوں۔

12- **پروکسی فارم منسلک ہذا ہے**